19
ہمارے ساتھی جانور

4312CH19

'ٹک' کی آواز سن کر کلاس میں بیٹھے سبھی بچے چونک گئے۔ آواز چھت پر لگے پنکھے سے آئی تھی۔ کلیانی چلائی ــــ دیکھو دیکھو! اُس کونے میں دیکھو۔ چڑیا پنکھے سے زخمی ہوگئی۔ پیٹر (Peter) جھٹ سے اُٹھا اور چڑیا کو اُٹھا لایا۔ چڑیا درد سے تڑپ رہی تھی۔ نوجوت اور علی جلدی سے جاکر ایک کٹوری میں پانی لے آئے۔ پیٹر نے چڑیا کو پیار سے سہلایا۔ پانی کی کٹوری چڑیا کی چونچ کے پاس لگائی۔ چڑیا نے تھوڑا پانی پیا۔ پانی پی کر وہ دھیرے دھیرے اپنے پر پھڑ پھڑانے لگی۔ نوجوت نے سبھی بچوں کو



پیچھے ہٹنے کے لیے کہا۔ انھوں نے دیکھا کہ چڑیا آہستہ آہستہ اُڑنے کی کوشش کر رہی ہے۔ تب ہی پھُرر.... کی آواز کے ساتھ چڑیا باہر اُڑ گئی۔

© NCERT not to be republished

اگلے دن بچوں نے دیکھا ایک چڑیا کمرے میں چکّر لگا رہی ہے۔ بچوں نے یہ پہچاننے کی کوشش کی کہ کیا وہ پہلے دن والی چڑیا تھی۔ انھیں لگا کہ وہی چڑیا ہے۔ انھوں نے جلدی سے پنکھا بند کر دیا اور تالی بجانے لگے۔

جملوں کو صحیح ترتیب میں لکھو:

- پیٹر نے چڑیا کو پیار سے سہلایا۔ ☐
- بچوں نے دیکھا ایک چڑیا ان کی کلاس میں چکر لگا رہی ہے۔ ☐
- نوجوت اور علی جلدی سے جا کر ایک کٹوری میں پانی لے آئے۔ ☐
- پھرر...کی آواز کے ساتھ چڑیا کلاس سے باہر اُڑ گئی۔ ☐
- چڑیا پنکھے سے زخمی ہوگئی۔ ☐

شنکر بہت خوش تھا۔ اس کے گھر کے آنگن میں بلّی نے چار بچّے جو دیے تھے۔ وہ اپنا خالی وقت وہیں گذارنے لگا۔

ایک صبح بلّی کے رونے کی آواز سے اس کی نیند ٹوٹی۔ (جانتے ہو بلّی کیسے روتی ہے؟) وہ آنگن کی طرف بھاگا۔ دیکھا تو بلّی اپنے تین بچوں کو ساتھ چپکا کر رو رہی تھی۔ ایک بچہ غائب تھا۔ اُس نے باہر جا کر دیکھا تو مالینی بلّی کے بچے کو سہلا رہی تھی۔ شنکر نے مالینی کو گھر کے آنگن میں بلایا۔ مالینی نے بلّی کو روتے ہوئے دیکھا۔

سوچو، مالینی نے کیا کیا ہوگا؟

جانوروں کے جذبات کے بارے میں گفتگو کرنے سے بچّے جانوروں سے ہمدردی رکھنے والے بن سکتے ہیں۔

© NCERT not to be republished



بھولی، مینو کی گائے ہے۔ مینو روز صبح بھولی کو میدان میں چرانے کے لیے لے جاتی ہے۔

ایک دن تیزی سے آتے ہوئے اسکوٹر سے بھولی کے پاؤں میں چوٹ لگ گئی۔ زخم سے خون نکلنے لگا تھا۔

اب مینو کے گھر کے لوگ کیا کریں گے؟

چندو دھوبی اپنے گدھے کا بہت خیال رکھتا ہے۔ گدھا بھی تو اس کے بہت سارے کام کرتا ہے۔

تصویر میں دیکھو اور لکھو کہ چندو اپنے گدھے کے لیے کیا کیا کرتا ہے؟

____

____

____

____

© NCERT not to be republished

* کیا تمہارے گھر میں یا پڑوس میں کسی کے یہاں پالتو جانور ہے؟ کون سا؟

---

* کیا تم اسے کسی پیار کے نام سے پکارتے ہو؟ کس نام سے؟

---

* تم کیا کرتے ہو جب تمہارے پالتو جانور کو —
    - بھوک لگتی ہے ____________________
    - گرمی یا سردی لگتی ہے ____________________
    - کوئی پریشان کرتا ہے ____________________
    - چوٹ لگتی ہے
* ہم پالتو جانوروں کو گھر پر رکھتے ہیں — ان کی دیکھ بھال کرتے ہیں۔ ٹیبل میں ایسے کچھ جانوروں کے نام دیے گئے ہیں۔ ٹیبل کو مکمل کرو۔

جانوروں کے نام	انہیں کیوں پالتے ہیں؟
کتا	
	یہ دودھ دیتی ہے۔
	یہ گاڑی کھینچتا ہے۔
بیل	
مرغی	
مچھلی	
	پیارا یا پیاری لگتی ہے۔
شہد کی مکھی	

ہم جانوروں کو پالتے ہیں اور ان کی دیکھ بھال بھی کرتے ہیں۔ اس رشتے کو سمجھنے سے بچوں کو جانداروں کے درمیان باہمی انحصار سمجھنے میں آسانی ہوگی۔

© NCERT not to be republished

پرندوں کا پیاؤ



مٹی کا ایک چوڑے منھ کا برتن لو۔ برتن کو رسی سے باندھ کر لٹکاؤ۔ جیسا تصویر میں دکھایا گیا ہے۔ اب اس برتن میں پانی ڈال کر اسے کسی پیڑ کی شاخ پر یا گھر کے باہر کسی کھونٹی پر ٹانگ دو۔ اس میں روز پانی بھرو۔ دیکھو پانی پینے کے لیے کون کون سے پرندے وہاں آتے ہیں؟

* پانی کی ضرورت ہمیں بھی ہے اور جانوروں کو بھی۔ ایسی ہی کچھ اور چیزیں ہیں جنھیں ہم اور جانور دونوں استعمال کرتے ہیں۔ ایسی تین چیزوں کے نام لکھو۔

____

____

____

تم نے اپنی فہرست میں خوراک ضرور شامل کیا ہوگا۔

تم جانتے ہی ہو ہمارا کھانا کتنے الگ الگ قسم کا ہوتا ہے۔ اسی طرح جانوروں کا کھانا بھی مختلف اقسام کا ہوتا ہے۔

* کیا تم نے کبھی جانور کو کچھ کھلایا ہے یا کسی اور کو کھلاتے ہوئے دیکھا ہے؟ اگر ہاں، تو ٹیبل میں لکھو۔

پرندوں کا پیاؤ بنانے میں بچوں کی مدد کریں۔ اسے باہر کھلے میں ایسی جگہ رکھیں تا کہ بچے پرندوں کو نزدیک سے دیکھ سکیں اور ان کے بارے میں بہت سی معلومات حاصل کریں۔

2019-20
© NCERT not to be republished

تم نے کس جانور کو کھلایا	کیا کھلایا



* تم ان جانوروں کو کھانا کیوں کھلاتے ہو؟
* کس جانور کو سب سے زیادہ بچوں نے کھانا کھلایا؟
* اُسے کیا کیا کھلایا؟

دیکھو کیا ہماری فہرست میں یہ نام بھی ہیں؟ معلوم کرو کہ یہ کیا کھاتے ہیں؟

چوہا   کاکروچ   چمگادڑ   مکڑی   چھپکلی

کوّا   گلہری   بندر   سور

یاد کرو، کیا کبھی کسی جانور نے تمہاری مرضی کے بغیر تمھارا کھانا کھایا ہے؟ کیسے؟

© NCERT not to be republished

کون کیا کھاتا ہے؟ اسے الگ الگ رنگوں کی لکیر کھینچ کر ملاؤ۔ ایک مثال نیچے دی گئی ہے۔



فہرست میں جانوروں کے نام لکھو۔

ایسے جانور جنھیں تم نے چھوا ہے	ایسے جانور جنھیں تم نے چھوا نہیں ہو مگر چھو سکتے ہو	ایسے جانور جنھیں تم چھو نہیں سکتے

تم نے دیکھا کہ کچھ جانوروں کو ہم چھو سکتے ہیں۔ یہ زیادہ تر ہمارے گھروں میں اور آس پاس رہتے ہیں۔ ان میں سے کچھ ہماری مدد بھی کرتے ہیں۔ کچھ جانوروں کے پاس ہم نہیں جاتے۔ ڈر لگتا ہے کہ کہیں کاٹ نہ لیں، نقصان نہ پہنچائیں یا کھا ہی نہ جائیں۔

بچوں سے یہ گفتگو کی جا سکتی ہے کہ جانوروں اور پرندوں کو چھونے کا مطلب ہے اُنھیں پیار سے سہلانا نہ کہ اُنھیں پریشان کرنا۔ اگلے صفحے پر دکھائی گئی تصویر کے ذریعے قدرت میں موجود تناسب اور توازن کو دکھایا گیا ہے۔ بچوں کو یہ بات آسان اور سادہ طریقے سے واضح کرنا ضروری ہے۔

© NCERT not to be republished

رانی کا باغ

اس تصویر کو پڑھو اور کلاس میں تبادلۂ خیال کرو

© NCERT not to be republished